2020年5月27日ジャング紙ラホール版2面

نہر پر نہانے والوں کا رش، کورونا کے ایس او پیز کی دھجیاں اڑا دیں

کسی بھی قانون نافذ کرنیوالے ادارے نے شہریوں کو نہانے سے نہیں روکا

لاہور (کرائم رپورٹر سے) عید کے تیسرے روز شدید گرمی سے تنگ شہریوں نے نہر پر ڈیرے ڈال لیے، لاہوریے بڑی تعداد میں گرمی کی شدت کو کم کرنے کے لیے نہر پر نہاتے رہے۔ اس دوران کورونا کے تمام ایس او پیز کی دھجیاں اڑا دی گئیں جبکہ کسی حکومتی ادارے یا قانون نافذ کرنے والے ادارے کی جانب سے ان شہریوں کو نہیں روکا گیا، جس سے کرونا کے بڑھنے کے امکانات میں اضافہ ہوگیا ہے۔ فیملیز کے ساتھ منچلے نوجوان اور بچے بھی نہر میں نہا کر گرمی کی شدت کو کم کرتے رہے اور خوب ہلا گلا کرتے رہے۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ عید کے دو دن گھر میں گزارے، شدید گرمی میں نہر پر آئے ہیں، یہاں گرمی کی شدت دور ہوتی ہے اور ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے، ۔ کورونا وائرس کے پیش نظر شہر میں پارکس بند ہونے کی وجہ سے شہری نہر پر نہانے آئے، اس موقع پر شہریوں کی جانب سے سماجی فاصلے کا خیال بھی نہیں رکھا گیا۔